بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

ٹینڈر نمبر 245 ،ایس۔ایس

مورخہ 18-8-26

ری ٹینڈر نوٹس برائے فروخت ردی سال 2025-ء

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد امتحانی سال 2025 سے متعلقہ ردی فروخت کرنا چاہتا ہے۔ مجوزہ ٹینڈر فارم مبلغ -/2000 روپے بذریعہ بنک چالان بورڈ کے کھاتہ میں جمع کروا کر دفتری اوقات کار میں مورخہ 10.9.2026 بوقت 3.00 PM بجے تک ہمراہ کاپی شناختی کارڈ سٹور برانچ سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد کسی صورت ٹینڈر فارم جاری نہ کئے جائیں گے۔

نمبر شمار	تفصیل ردی	اندازاً وزن ٹن	نرخ فی کلوگرام بغیر ٹیکس (صافی)	
			ہندسوں میں	لفظوں میں
1	حل شدہ جوابی کاپیاں بابت سال 2025	360		
2	متفرق ردی (مختلف اقسام کے فارم، اے پارٹ، ببل ایوارڈ، معروضی سوالیہ پرچہ جات، ردی اخبار، کونے وغیرہ) بابت سال 2025 اور بقیہ سال 2024	80		
3	کچرا، پیکنگ کارٹن، سادہ اور کپڑے والے لفافہ جات، کپڑے کا تھیلہ وغیرہ بابت سال 2025 اور بقیہ سال 2024	04		

1۔ صرف انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس رجسٹرڈ فرمیں ٹینڈر میں شمولیت کی اہل ہوں گی۔ ٹینڈر کے ہمراہ اصل CDR لف ہونا ضروری ہے بصورت دیگر فرم ٹینڈر میں شامل ہونے کی اہل نہ ہوگی۔

2۔ ٹینڈر بنام سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن جھنگ روڈ فیصل آباد (ہمراہ مطلوبہ سی ڈی آر) بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک / کوریئر مورخہ 19.9.26 بوقت 11.00 AM بجے تک سیکرٹری پرسنل سٹاف میں وصول کیے جائیں گے جو کہ اسی روز بوقت 11.30 AM بجے کمیٹی ممبران، فرم اور حاضر نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ مقررہ تاریخ/وقت کے بعد ٹینڈر وصول نہ کیے جائیں گے۔ CDR/بینک گارنٹی متعلقہ فرم کی جانب سے بنام سیکرٹری بورڈ فیصل آباد ہونا چاہیے۔ زیادہ نرخ والی فرم کے نااہل ہونے کی صورت میں دوسرے نمبر والی فرم کو نااہل ہونے والی فرم کے نرخ کے مطابق مال اٹھانے کی پیشکش کی جائے گی۔ انکار کی صورت میں بعد ازاں تیسرے نمبر والی فرم کو بھی یہی پیشکش کی جائے گی۔

3۔ ردی کی خرید کی خواہش مند فرموں کو آئٹم نمبر 1 کے لئے مبلغ -/2000000 (بیس لاکھ روپے)، آئٹم نمبر 2 کے لئے مبلغ -/1000000 (دس لاکھ روپے) اور آئٹم نمبر 03 کے لیے مبلغ -/300000 (تین لاکھ روپے) کی سی ڈی آر/بنک گارنٹی بطور زرضمانت (قابل واپسی) کسی بھی شیڈول بنک سے جاری شدہ بنام سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد ہمراہ ٹینڈر لف کرنا ہوگا۔ چیک قابل قبول نہ ہوگا۔

4۔ کامیاب فرم کو نرخ کی منظوری اور Acceptance Letter جاری ہونے کے بعد 10 دن کے اندر اندر آئٹم نمبر 1 کے لیے مبلغ -/15,000,00 (پندرہ لاکھ روپے) آئٹم نمبر 2 کے لیے مبلغ -/7,000,00 (سات لاکھ روپے) اور آئٹم نمبر 3 کے لیے مبلغ -/2,000,00 روپے (دو لاکھ روپے) بطور زرضمانت بورڈ کے کھاتہ میں جمع کروانا ہوں گے اور معاہدہ کرنا ہوگا۔ معاہدہ لیٹ کرنے کی صورت میں بورڈ کو حق حاصل ہوگا کہ فرم کے خلاف کارروائی کرے۔ جس میں CDR کی ضبطی/نااہلی یا دونوں کارروائی کی جاسکتی ہیں۔

5۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کو ردی اٹھانے کا ورک آرڈر جاری ہونے کے بعد 60 دن کے اندر اندر مطلوبہ انتظامات مکمل کر کے تمام ردی اٹھانا ہوگی۔ ردی روزانہ کی بنیاد پر دفتری اوقات کار میں اٹھانا ہوگی۔ تاخیر کی صورت میں مبلغ -/10000 (دس ہزار روپے) یومیہ جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

6۔ فرم کوسیلز ٹیکس رجسٹریشن اور انکم ٹیکس سرٹیفکیٹس کی نقول ہمراہ ٹینڈر رلف کرنا ہوں گی اور اس امر کا سرٹیفکیٹ مبلغ -/300 روپے کے اشٹام پیپر پر تحریری طور پر بھی دینا ہوگا کہ وہ جوابی کاپیوں کی ردی بازار میں فروخت نہیں کریں گے۔

7۔ ٹینڈر بغیر CDR، فی کلوگرام نرخ تحریر نہ کرنے نیز مندرج نرخ پر (Over Writing/Cutting) کوئی اضافی شرط/مطالبہ یا مبہم ہونے کی صورت میں شامل مقابلہ نہ کئے جائیں گے شرائط کی عدم تعمیل کی صورت میں زیر دستخطی کو زر ضمانت بحق بورڈ ضبط کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اور کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

8۔ زیر دستخطی کو کسی بھی وجہ کی بناء پر ٹینڈرز کو کلی/جزوی طور پر شق نمبر 35 پیپرا قوانین کے مطابق منظور/مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا تاہم اس وجہ کو معرض تحریر میں لایا جائے گا۔

9۔ کسی بھی تنازعہ کی صورت میں چیئرپرسن/چیئرمین بورڈ ہذا کا فیصلہ حتمی ہوگا اور فریقین پر اس کی پابندی لازم ہوگی۔ جس کو کسی عدالت میں چیلنج نہ کیا جائے گا۔

10۔ ٹینڈر میں ردی کے ریٹ کا اندراج بغیر ٹیکس (صافی) فی کلوگرام درج کیا جائے۔ ٹینڈر ریٹس 90 روز تک کارآمد ہوں گے۔

11۔ ٹینڈر میں دیئے گئے ریٹس پر انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس کی ادائیگی بذمہ فرم ہوگی۔ علاوہ ازیں محکمہ انکم ٹیکس و دیگر کسی بھی محکمہ کی طرف سے عائد مزید ٹیکس پر ریکوری پائی گئی تو کامیاب ہونے والی فرم کو حسب قواعد ٹیکسز ادا کرنا ہوں گے۔ صرف فائلر فرم ہی بڈ میں حصہ لینے کی اہل ہوگی۔

12۔ ٹینڈر دستاویز ات بعوض -/2000 روپے کا بنک چالان بنام سیکرٹری جمع کروا کر سٹور برانچ سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

13۔ ٹینڈر نوٹس پیپرا ویب سائٹ (www.ppra.pujnab.gov.pk) اور بورڈ ویب سائٹ (www.bisefsd.edu.pk) پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ پیپرا کی ویب سائٹ پر ٹینڈر جمع کروانے کا وقت پیپر اپر شائع ہونے کی تاریخ سے شمار ہوگا۔

14۔ تفصیلی شرائط ٹینڈر دستاویزات میں دستیاب ہیں۔

15- پیپرا کی ویب سائٹ کا URL(http://eproc.punjab.gov.pk/view tender.aspx) اور ٹینڈر نرخ دینے کا وقت پیپرا کی ویب سائٹ پر ٹینڈر کی اشاعت کے دن سے شمار کیا جائے گا۔

سیکرٹری